اسلامیات (لازمی)	دہم، گوجرانوالہ بورڈ، 2022ء	دوسرا گروپ
وقت: 1.45 گھنٹے	انشائی	کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) سورۃ الاحزاب میں منہ بولے بیٹے کے بارے میں دی گئی کوئی سی دو ہدایات لکھیے۔
(ii) غزوۂ احزاب کے دوران آزمائش کی گھڑیوں میں منافقین کا طرزِ عمل کیا تھا؟
(iii) غزوۂ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کیسے کی؟
(iv) غزوۂ احزاب کے کوئی سے دو اثرات لکھیے۔
(v) مومنات کو اپنے گھر سے باہر کیسے نکلنا چاہیے؟
(vi) سورۃ الاحزاب کی روشنی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی سی دو خصوصیات/صفات لکھیے۔
(vii) مہمان کو کن آداب کا خیال رکھنا چاہیے؟ سورۃ الاحزاب کی روشنی میں کوئی سے دو تحریر کیجیے۔
(viii) حضرت ابراہیمؑ کے کس اُسوۂ حسنہ کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے؟
(ix) اللہ تعالیٰ نے ہجرت کر کے آنے والی مومنات کے بارے میں اہلِ ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے؟

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) نماز دین کا ستون ہے۔ کیسے؟
(ii) روزہ دار کی خوشیوں کے متعلق حضرت محمد (خاتم النبیین) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا ارشاد گرامی ہے؟
(iii) حج کے موقع پر ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟
(iv) غسل کے کوئی سے چار فوائد تحریر کیجیے۔
(v) اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے کوئی سے دو طریقوں کی وضاحت کیجیے۔
(vi) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کیا اچھی خبر دیتا ہے جو اس کی خاطر اپنے گھر چھوڑتے ہیں؟
(vii) عائلی زندگی میں کون کون سے دور شتے شامل ہیں؟
(viii) جہاد میں شہید ہو جانے والوں کو مردہ کہنے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟
(ix) غلاموں کے حقوق کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تاکید فرمائی ہے؟

حصہ دوم

4- درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے۔ 4,4

(الف) اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُهٰجِرِیْنَ

(ب) قُلْ لَّنْ یَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا

(ج) لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ ۚ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ۚ یَفْصِلُ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ○

5- درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 3

مَنْ تَخَطّٰی رِقَابَ النَّاسِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰی جَهَنَّمَ۔

6- جہاد بالنفس سے کیا مراد ہے؟ آپ اپنے نفس سے کیسے جہاد کر سکتے ہیں؟

یا

بطور والدین آپ کی معاشرتی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ کوئی پانچ کی وضاحت کیجیے۔

www.ilmkidunya.com